# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 17 April-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 17/اپریل ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے میں ادخال نامزدگی کے عمل میں تیزی۔

☆سول سروسیز امتحانات کے حتمی نتائج کا اعلان۔ پربھنی اور ہنگولی کے نوجوانوں کی بہترین کارکردگی۔

☆اس بار کے لتا دینا ناتھ منگیشکر ایوارڈ کیلئے مقبول اداکار امیتابھ بچن کے نام کا اعلان۔ بہترین فلمسازی کیلئے رن دیپ ہوڈا کو خصوصی اعزاز

اور۔۔۔☆ آج رام نومی۔ مختلف رام مندروں میں بھگوان رام کے یوم پیدائش کی تقاریب کیلئے زوردار تیاریاں۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے درخواست نامزدگی داخل کرنے کے عمل میں تیزی آ گئی ہے۔اس مرحلے میں ادخال نامزدگی کی مدت پرسوں ۱۹/تاریخ کو ختم ہورہی ہے۔اس مرحلے میں کل عثمان آباد لوک سبھا حلقے میں مہاوکاس آگھاڑی کی جانب سے شیوسینا ادھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے امیدوار اوم پرکاش راجے نمبالکر نے اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا۔اس موقع پر سابق وزیر اور یوا سینا کے سربراہ آدتیہ ٹھاکرے، سابق وزیر امیت دیشمکھ اور رکن اسمبلی روہیت پوار موجود تھے۔مہایوتی کی امیدوار ارچنا پاٹل نے بھی کل اپنا پرچہ داخل کیا۔

رکن اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل سمیت کئی اہم شخصیات بھی اس موقع پر موجود تھے۔آزاد امیدوار، منوہر پاٹل سمیت 3/امیدواروں نے اب تک لوک سبھا حلقہ انتخاب میں اپنی امیدواری داخل کی ہے۔

لاتور حلقے سے مہایوتی کے سدھاکر شرنگارے نے کل اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا۔راشٹر سنت سندیش پارٹی کے شری دھر کسبیکر نے تین درخواستیں اور سریش کامبلے نے بحیثیت آزاد امیدوار ایک درخواستیں اس طرح مجموعی طور پر 5/درخواستیں لاتور لوک سبھا حلقے کے لئے داخل کی گئیں ۔کولہاپور حلقہ انتخاب میں 2 اور ہات کنگلے حلقے سے 5 کاغذات نامزدگی داخل کئے گئے۔

***** ***** *****

مہاوکاس آگھاڑی کے امیدوار شاہو مہاراج چھترپتی اور بہوجن سماج پارٹی کے سندیپ نامدیو شندے نے کولہاپور میں اپنے کاغذات داخل کئے۔ہات کنگلے حلقہ انتخاب سے شیوسینا ادھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے ستیہ جیت پاٹل نے اور بہوجن سماج پارٹی کے رویندر کامبلے نے پرچہ نامزدگی داخل کیا۔اس کے علاوہ شیواجی مانے، منوہر ساتپوتے اور رگھوناتھ پاٹل نے آزاد امیدوار کی حیثیت سے امیدواری فارم داخل

کیئے۔

سانگلی لوک سبھا حلقہ میں کل وشال پاٹل نے کانگریس کے امیدوار کی حیثیت سے کاغذات نامزدگی داخل کیں۔ان کے علاوہ دیگر دو امیدواروں نے بھی اپنی درخواستیں جمع کروائیں۔

***** ***** *****

شولاپور ضلع کے ماڈھالوک سبھا حلقہ کیلئے مہاوکاس آگھاڑی کی جانب سے راشٹروادی کانگریس شرد پوار گروپ کے امیدوار دھیریہ شیل موہیتے پاٹل نے کاغذات جمع کروائے۔شولاپور کے مہایوتی کے امیدوار رام ساتپوتے اور ماڈھا حلقے سے مہایوتی کے رنجیت سنگھ نائیک نمبالکر نے کل پرچے جمع کروائے۔کانگریس پارٹی کی سابق کارپوریٹر شری دیوی پھلارے نے آزاد امیدوار کی حیثیت سے اپنے کاغذات جمع کیئے۔

رتنا گیری،سندھودرگ حلقے سے موجودہ رکن پارلیمان اورشیوسینا ادھو باڑ اصاحب ٹھاکرے پارٹی کے رہنماونائیک راوت نے انڈیا آگھاڑی کی جانب سے پرچہ نامزدگی داخل کیا۔اس موقع پر انڈیا آگھاڑی کے کئی رہنما موجود تھے۔

***** ***** *****

بی جے پی کی جانب سے ساتارالوک سبھا حلقے سے سابق رکن پارلیمان چھترپتی ادین راجے بھوسلےکو پارٹی امیدوارنامزد کیا گیا ہے۔کل اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ وہ آئندہ روز جمعرات کو کاغذات نامزدگی جمع کروائیں گے۔

***** ***** *****

گڈچرولی۔چمورلوک سبھا حلقے میں جہاں ۱۹ رتاریخ کوووٹ ڈالیں جائیں گے وہاں کے حساس اورحساس ترین رائے دہی مراکزپررائے دہی ٹیمیں روانہ کرنے کے عمل کاکل آغاز ہوا۔اس نوعیت کے 68 رائے دہی مراکز پر 295 رائے دہی افسران وملازمین EVM اور دیگراشیاءایرفورس کے ہیلی کاپٹر کے ذریعے پہنچائی گئی۔

***** ***** *****

چھتیس گڑھ کے کانکیر ضلع میں کل حفاظتی دستے کے ساتھ ہوئی مقابلہ آرائی میں 29 رنکسلائٹس ہلاک ہوگئے۔جبکہ سرحدی حفاظتی دستے کے ایک انسپکٹر سمیت تین فوجی بھی زخمی ہوئے۔اس علاقے میں 50 سے زائد نکسلائیٹس کی موجودگی کی اطلاع پرحفاظتی دستوں نے یہ کاروائی کی۔ جائے وقوع سے اے کے 47 سمیت 5 رائفلس ضبط کر لی گئیں۔

***** ***** *****

مرکزی پبلک سروس کمیشن نے ستمبر 2023 میں ہوئے سول سروسیز امتحانات کے حتمی نتائج کا اعلان کردیا ہے۔ان امتحانات میں آدتیہ شری واستوسرفہرست رہے۔انہوں نے آئی آئی ٹی کانپور سے الیکٹریکل انجینئرنگ کی ڈگری حاصل کی ہے۔انیمیش پردھان دوسرے اوردون رو اننیاریڈی تیسرے نمبر پر رہیں۔

ان امتحانات میں سمیر کھوڑے مہاراشٹر بھر میں سرفہرست رہے۔قومی سطح پرانہوں نے 42واں نمبر حاصل کیا۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع کے کلمنوری تعلقے کے شیوانی کے ڈاکٹر انکیت جادھو نے پہلی ہی کوشش میں امتحان پاس کرتے ہوئے ملک بھر میں 395واں نمبر حاصل کیا۔ پربھنی کے نیلیش ڈاکے نے بھی سول سروسیز کے اس امتحان میں کامیابی حاصل کی اور فہرست میں 918واں نمبر حاصل کیا۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ماسٹر دینا ناتھ منگیشکر میموریل ٹرسٹ کا اس بار کا ''لتا دینا ناتھ منگیشکر ایوارڈ'' بزرگ اداکار امیتابھ بچن کو دیا جائیگا۔ موسیقی میں گرانقدر خدمات کیلئے موسیقار اے آر رحمٰن کو ماسٹر دینا ناتھ منگیشکر ایوارڈ دیا جائیگا۔

پنڈت ردھیہ ناتھ منگیشکر اور بزرگ گلوکارہ اوشا منگیشکر نے کل ان ایوارڈز کا اعلان کیا۔ اداکاری کے لئے اشوک سراف، اتول پر چورے ،اور پدمنی کولہاپورے، موسیقی کے شعبے میں روپ کمار راٹھوڑ اور صحافت کیلئے بھاؤ تو اسکر کو ماسٹر دینا ناتھ منگیشکر ایوارڈ دیئے جائیں گے۔

سال 24-2023 کے بہترین ڈرامہ سازی کیلئے ڈرامے غالب کو موہن واگھ ایوارڈ اور ادب کے شعبے میں منجیری پھڑکے کو ایوارڈ دیا جائیگا۔ آئندہ 24 تاریخ کو بزرگ گلوکارہ آشا بھوسلے کے ہاتھوں یہ ایوارڈز تقسیم کئے جائیں گے۔

***** ***** *****

بھگوان رام کا یوم پیدائش رام نومی آج منایا جارہا ہے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میں کراڑ پورہ اور سمرتھ نگر کے رام مندروں سمیت دیگر مندروں میں رام نومی کی تیاریاں زوروں پر ہیں۔ رام نومی کے پیش نظر چھترپتی سمبھاجی نگر میں کل پولس انتظامیہ کی جانب سے امن کمیٹی کا اجلاس طلب کیا گیا اور پولس انتظامیہ کی جانب سے عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ تمام تہوار پرامن طور پر منائیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں خواتین رائے دہندگان میں بیداری پیدا کرنے کے لئے ایک خصوصی مہم چلائی جائیگی۔ ضلع کلکٹر و ضلع انتخابی افسر دلیپ سوامی کی اختراع کے تحت یہ مہم چلائی جارہی ہے۔ ضلع کے جن دیہاتوں میں خواتین افسران وملازمین ہیں وہ آنگن واڑی کارکنوں اور بچت گروپ کی خواتین کے تعاون سے مختلف پروگرام منعقد کریں۔ اور رائے دہی مراکز پر خواتین کے لئے کئے گئے انتظامات کی معلومات دیں۔ اس طرح کی ہدایات ضلع کلکٹر نے جاری کیں۔

***** ***** *****

پربھنی لوک سبھا حلقہ انتخاب کی پوسٹل رائے دہی کا کل سے آغاز ہوا۔ کل پربھنی پاتھری اور جنتور اسمبلی حلقوں میں فرائض کی انجام دہی میں مصروف افسران وملازمین نے رائے دہی کی۔ آج گنگا کھیڑ اسمبلی حلقے میں یہ رائے دہی ہوگی۔ ضروری خدمات پر مامور 22 ہزار 5 سو 75 رائے دہندگان بذریعہ ڈاک اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے۔ یہ اطلاع ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے نے دی۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع میں آٹو رکشہ تنظیم کے تعاون سے رائے دہی بیداری مہم چلائی جائے گی۔ کل ضلع پریشد کے چیف ایگزیکیٹو افسر مینا کرنوال اور میونسپل کارپوریشن کے کمشنر مہیش کمار ڈوئی پھوڑے کے ہاتھوں آٹو رکشہ پر حق رائے دہی کے استعمال کی ترغیب دینے سے متعلق اسٹیکر لگائے گئے۔

اس موقع پر معذور رائے دہندگان کیلئے ٹائیگر آٹو رکشہ تنظیم نے رعایتی شرح پر آٹو رکشہ خدمات فراہم کرنے کا اعلان کیا۔

***** ***** *****

بیڑ حلقہ انتخاب کیلئے چوتھے مرحلے میں 13 مئی کو رائے دہی عمل میں آئیگی۔ اس حلقے میں کاغذات نامزدگی داخل کرنے کے عمل کا آغاز کل 18 تاریخ سے ہوگا۔ اس ضمن میں پولس سپرنٹنڈنٹ نند کمار ٹھاکور نے کل بیڑ ضلع کلکٹر دفتر کے احاطے اور تمام انتظامات کا معائنہ کیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے سرکاری میڈیکل کالج واسپتال کے 2018 کے MBBS بیچ کا جلسہ تقسیم اسناد حال ہی میں منعقد ہوا۔ وظیفہ یات گزیٹیڈ افسر بھاسکر مونڈھے کے ہاتھوں اس موقع پر 150 طلباء میں ڈگریاں تقسیم کی گئیں۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے میں ادخال نامزدگی کے عمل میں تیزی۔

☆ سول سروسیز امتحانات کے حتمی نتائج کا اعلان۔ پربھنی اور ہنگولی کے نوجوانوں کی بہترین کارکردگی۔

☆ اس بار کے لتا دینا ناتھ منگیشکر ایوارڈ کیلئے مقبول اداکار امیتابھ بچن کے نام کا اعلان۔ بہترین فلمسازی کیلئے رن دیپ ہوڈا کو خصوصی اعزاز اور۔۔۔ ☆ آج رام نومی۔ مختلف رام مندروں میں بھگوان رام کے یوم پیدائش کی تقاریب کیلئے زوردار تیاریاں۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

***** ***** *****